دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

## شیخ الجامعہ اور مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے عزت مآب امیر جامعہ فضیلۃ الشیخ جناب سیدنا مفضل سیف الدین سے سورت میں ملاقات کی

New Delhi, October 13, 2025

پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے عزت مآب امیر جامعہ اور پوری دنیا میں داؤدی بوہرا برادری کے پیشوا اور رہنما فضیلۃ الشیخ جناب سیدنا مفضل سیف الدین سے حال ہی میں سورت میں ملاقات کی۔

یونیورسٹی کی ترقی پر مرکوز ملاقات میں اہم ادارہ جاتی ترجیحات کے سلسلے میں تبادلہ خیال ہوا جس میں یونیورسٹی کی جاری ترقی اور مستقبل کے اقدامات اور پہل پر خصوصی توجہ دی گئی۔تبادلہ خیالات میں میڈیکل کالج اور اسپتال کا قیام، فیکلٹی آف ڈینٹسٹری میں پوسٹ گریجویٹ ایم ڈی ایس پروگرام شروع کرنا، آئندہ جلسہ تقسیم اسناد کی منصوبہ بندی اور یونیورسٹی میں طلبہ کی بڑھتی کمیونی ٹی کو ایڈجسٹ کرنے کے سلسلے میں لڑکیوں کے لیے ایک نئے دارالاقامہ کی تعمیر جیسے امور شامل تھے۔

فضیلۃ الشیخ نے قومی ترقی میں جامعہ کی تعلیمی افضلیت اور تعاون کو سراہا۔انہوں نے جامعہ کے کامیاب و کامران مستقبل کے لیے شیخ الجامعہ اور مسجل جامعہ ملیہ اسلامیہ کو متواتر تعاون اور نیک خواہشات اور دعاؤں کا یقین دلایا۔وفد نے فضیلۃ الشیخ کے بڑے بھائی پرنس قید جوہر عزالدین سے بھی ملاقات کی۔

وفد نے الجامعہ السیفیہ عربی اکیڈمی کے ساتھ ساتھ مہارت سازی کے فروغ کے کمیونی ٹی کے مراکز اور خواتین کو بااختیار بنانے سے متعلق ان کی طرف سے جانے والی پیش قدمیوں کا بھی دورہ کیا۔اس دورے سے سماج کی حاشیائی آبادی تک رسائی کے داؤدی برادری کے طریقہ کار اور شمولیتی تعلیم کے ماڈلز، سماجی بہبود اور ترقی کے متعلق ان کی سمجھ بہتر ہوئی جو جامعہ کے تعلیم کے توسط سے سماجی ترقی و قومی تعمیر کے وسیع تر وژن سے کامل طور پر ہم آہنگ ہے۔

پروفیسر آصف اور پروفیسر رضوی نے کہا کہ ’’عزت مآب امیر جامعہ سے ان کی ملاقات حوصلہ افزا اور تحریک زا رہی اور ہمیں رہنمائی ملی جس سے تعلیمی افضلیت اور سماجی ذمہ داری کے جامعہ ملیہ اسلامیہ کے رول کو وسعت دینے کے لیے ہمارے عزم کو استحکام اور مضبوطی ملی ہے‘‘۔

قومی و بین الاقوامی سطح پر امن، اتحاد، رحم دلی اور اخوت کے سفیر کے طور پر مشہور و معروف، امیر جامعہ کی پُر بصیرت قیادت میں پروفیسر مظہر آصف اور پروفیسر رضوی نے سماجی، اقتصادی اور جغرافیائی لحاظ سے پس ماندہ آبادی کو تعلیم، ترقی اور قومی تعمیر کے دائرے میں لانے کے جامعہ کے وژن اور مشن کے تئیں اپنے عہد کا اعادہ کیا ہے۔

ملاقات سے، اشتراکات کو مضبوط کرنے، تعلیمی صلاحیتوں کو بہتر کرنے اور اس کے اقدامات کو ترقی اور قوم کی خدمت کی دوسری صدی کے لیے یونیورسٹی کے وژن کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کے لیے جاری کوششوں کا اظہار ہوتا ہے۔

پروفیسر صائمہ سعید
افسر اعلی، تعلقات عامہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ